موت العالم موت العالم

علامہ عبدالعزیز حنیف کا سانحہ ارتحال

مورخہ 9 ستمبر بروز جمعۃ المبارک مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان کے سینئر نائب امیر، اسلامی نظریاتی کونسل آزاد جموں وکشمیر کے ممبر، رؤیت ہلال کمیٹی کے رکن علامہ عبدالعزیز حنیف دوران خطبہ دل کا دورہ پڑنے سے انتقال کر گئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحوم کی نماز جنازہ امیر محترم پروفیسر سینیٹر ساجد میر نے پڑھائی۔ مولانا مرحوم کی ہمہ جہت خدمات کا دائرہ بڑا وسیع تھا۔ انہوں نے کئی تحریکوں میں بڑا کردار ادا کیا۔ علامہ مرحوم بین المذاہب ہم آہنگی، اتحاد امت، استحکام پاکستان اور نظام کتاب وسنت کے نفاذ کے داعی تھے۔ علامہ عبدالعزیز حنیف رحمہ اللہ کا شمار پاکستان کے صف اول کے علماء کرام، ممتاز خطباء اور سنجیدہ دانشوروں میں ہوتا تھا۔ آپ کریم النفس، ملنسار، مہمان نواز اور اخلاق عالیہ کے مالک تھے۔

رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نائب امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان نے بیرون ملک سے واپس آ کر علامہ عبدالعزیز حنیف رحمہ اللہ کے بیٹوں مولانا ابوبکر صدیق اور مولانا عزیز الرحمٰن سے تعزیت کی، مرحوم کی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ان کو اعلیٰ علیین میں جگہ عطا فرمائے۔ آمین

شیخ طاہر محمود، شیخ یاسر محمود اور شیخ عامر محمود کو صدمہ
ان کے والد محترم شیخ غلام رسول کا انتقال پُر ملال

مورخہ 11 ستمبر بروز اتوار شیخ طاہر محمود، شیخ یاسر محمود اور شیخ عامر محمود کے والد محترم شیخ غلام رسول طویل علالت کے بعد مدنی محلّہ میں وفات پا گئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحوم صوم وصلوٰۃ کے پابند اور شب زندہ دار انسان تھے۔ جب تک صحت رہی مرکزی جامع مسجد چوک اہل حدیث میں نماز پنجگانہ اور نماز جمعہ پابندی سے ادا کرتے رہے۔ مرحوم کی نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

جامع مسجد نور اہل حدیث شفقت آباد (منڈی بہاؤالدین) میں افتتاحی خطبہ جمعۃ المبارک

جامعہ علوم اثریہ جہلم کے تعاون سے تعمیر کی گئی جامع مسجد نور اہل حدیث شفقت آباد منڈی بہاؤالدین میں مورخہ 14 اکتوبر کا افتتاحی خطبہ جمعہ رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے ارشاد فرمایا۔ علاقہ بھر سے کثیر تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔ یاد رہے کہ یہ مسجد حافظ محمد فہد ناظم اعلیٰ مرکزی جمعیت اہل حدیث منڈی بہاؤالدین، حافظ محمد امجد سیکرٹری جنرل اہل حدیث یوتھ فورس منڈی بہاؤالدین اور محمد رمضان کی کوششوں سے تعمیر ہوئی۔